22/08/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

واٹر سپورٹس

کھیلو انڈیا واٹر سپورٹس فیسٹول2025

شہرہ

---

آفاق ڈل جھیل میں جا ری ہے۔ ۂ

افتتاحی تقریب کل SKICC سرینگر میں منعقد ہوئی جس میں کھیلوں کے مرکزی وزیر مملکت رکشا نِکھل کھڈ سے اور لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے خاص مہمانوں کی حیثیت سے شرکت کی۔

افتتاحی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اسے جمونو کشمیر کی کھیل کود کی تاریخ میں ایک نیا باب قرار دیا۔انہوننے کہا کہ یہ فیسٹول بھارت کے اُس بنیادی جذبے کو قائم رکھے گا جو سبھی لوگوں میں محبت ، اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دیتا ہے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تقریب مینمہمان ذی وقار کی حیثیت سے شرکت کی۔ انہوننے اپنے خطاب میں کہا کہ آبی کھیلوں اور ڈل جھیل کا رشتہ بہت پُرانا ہے۔ تقریب پر جمونو کشمیر کے کھیل کود کے وزیر ستیش شرما ، محکمہ کھیل کود کے کمشنر سیکریٹری سرمد حفیظ اور سیول و پولیس انتظامیہ کے دیگر اعلیٰ عہدیدار بھی موجود تھے۔ اس سے قبل کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے ویڈیو پیغام کے ذریعے اس سپورٹس فیسٹول کا افتتاح کیا۔

ملاقات

ممبر اسمبلی ریاسی کلدیپ راج دھوبے اور شری کیلاش جیوتش اینڈ ویدک سنستھان ٹرسٹ کے صدر مہنت روہت شاستری نے کل راج بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ کلدیپ راج دھوبے عوامی اہمیت کے کئی معاملات لیفٹنٹ گورنر کی نوٹس میں لائے۔ مہنت روہت شاستری نے ایل جی کو گھر گھر سنسکرت ابھیان سے متعلق جانکاری دی۔

DCسرینگر

اربن کے تحت حاصل کی گئی پیش رفت PMAYڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے ضلعے میں افسران کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ SMCکا جائزہ لینے کی خاطر کل ضلعے کے ریونیو اور انہوننے سکیم کے تحت مستحق کنبوں کی شفاف اور تیز تر رجسٹریشن پر زور دے کر اربن کے PMAYویریفکیشن کے عمل میں سرعت لانے کی ہدایت دی۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ یونیفائیڈ ویب پورٹل پر3ہزار درخواستیں موصول ہوئی ہیں اور یہ درخواستیں عمل آوری کے مختلف مراحل میں ہے۔

DCبارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے ضلعے میں Cigarettes and other Tobacco Products کی عمل آوری کاجائزہ لینے کی خاطر کل ضلع سطحی کوارڈنیشن کمیٹی COTPA-2003 یعنیact کی میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوننے تمباکو نوشی سے صحت عامہ پر پڑنے والے مضر اثرات کی طرف اشارہ کر تے ہوئے اس بات کی تلقین کی۔ مذکورہ ایکٹ اور نیشنل Tobacco کنٹرول پروگرام کو من و عن عملایا جانا چاہئے۔

DCگاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جَتن کشور نے ضلعے میں انٹگریٹیڈ چائلڈ ڈیولپمنٹ سکیم کا جائزہ لینے کی خاطر کل سماجی بہبود محکمے کے افسران کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔ انہوننے مختلف سماجی بہبود کی سکیموں کو موثر طور عمل میں لانے پر زور دیتے ہوئے بزرگ شہریوں، بیواؤں اور جسمانی طور خاص افراد کو ان سکیموں کے دائرے میں لانے پر زور دیا۔

DCشوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے شوپیان قصبے کی مختلف سڑکوں کو وسیع بنانے کے مواقعے کا جائزہ لینے کی خاطر قصبے کا مفصل دورہ کیا۔ انہوننے ضلع اسپتال اور جامع مسجد کی طرف جانے والے راستوں کی توسیع کاری کےلئے متعلقین کو ایک مفصل منصوبہ پیش کرنے کی ہدایت دی۔ ڈپٹی کمشنر نے لوگوں سے بھی بات چیت کی اور اُن سے اس بارے میں تجاویز طلب کی۔

یونیورسٹی

با با غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی کے رجسٹرار ابھیشیخ شرما نے یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات کے سربراہوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران یونیورسٹی میں جا ری تدریسی سرگرمیوں، داخلی امتحانات اور دیگر امور کا جائزہ لیا۔ رجسٹرار موصوف نے نئی تعلیمی پالیسی2020 کی عمل

آوری کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقین پر زور دیا کہ وہ نئے قائم کئے گئے شعبہ جات کی خاطر بنیادی ڈھانچے کی فراہمی میں سرعت لائیں۔

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تحت سلسلہ وار پروگرام جاری رکھتے ہوئے محکمہ اطلاعات کے کلچرل یونٹ نے کئی سرکاری اور نجی سکولوں کے اشتراک سے متعدد پروگراموں کا انعقاد کیا جس دوران کلچرل پروگراموں ، لیکچر سیریز اور دیگر سرگرمیوں کے ذریعے نشے کے مضر اثرات سے متعلق جانکاری فراہم کی گئی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

..................................

.................

............